**سوال نمبر:1822**

منجانب: سجاد اللہ، رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر امداد، بحالی و آبادکاری از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

| سوال | جواب |
|---|---|
| (الف) آیا یہ درست ہے کہ حالیہ بارشوں سے ضلع کوہستان میں جانی ومالی نقصانات ہوئے ہیں؟<br>(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ضلع بھر میں بارشوں، سیلاب اور لینڈ سلائیڈنگ سے متاثرہ افراد اور خاندانوں کی حکومت نے کیا امداد کی ہے؟ امداد کی تفصیل فراہم کی جائیں۔ | (الف) جی ہاں یہ درست ہے۔<br>(ب) حالیہ بارشوں کے نتیجے میں ضلع کوہستان لوئر میں دو گھر، مسمٰی عبد الغفور ولد اکبر خان سکنہ حیدر رولیج پٹن مورخہ 2025-07-21ء کو اور عبد اللہ جان ولد سید جان چھوادرہ پٹن مورخہ 2025-08-27ء کو، جو ایک ایک کمرے پر مشتمل تھے، متاثر ہوئے اور انہیں مبلغ اسی، اسی ہزار (80,000) روپے بالترتیب معاوضہ ادا کیا گیا ہے۔<br><br>دو افراد مسمٰی سلم زیب ولد سید جمال سکنہ جاگ دوبیر مورخہ 2025-08-25ء کو اور جاوید عالم ولد نوشیر سکنہ کیال مورخہ 2025-08-27ء کو جاں بحق ہوئے اور متاثرہ خاندانوں میں مبلغ دس، دس لاکھ (10,00,000) روپے بالترتیب تقسیم کیے گئے۔<br><br>جبکہ دو افراد نصیر ولد گل فراز سکنہ پٹن مورخہ 2025-07-26ء کو اور ثانیہ ولد انوار الحق سکنہ پٹن مورخہ 2025-08-28ء کو شدید زخمی ہوئے اور انہیں مبلغ تین، تین لاکھ (3,00,000) روپے معاوضہ ادا کیا گیا ہے۔<br><br>مندرجہ بالا مد میں کل مبلغ 27,60,000/- (ستائیس لاکھ ساٹھ ہزار روپے) متاثرہ افراد اور خاندانوں میں تقسیم کیے گئے۔ |